ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز ((199

مورخہ 29.04.25

**بہاولپور(   )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد حسن اقبال کے احکامات، تھانہ سٹی یزمان پولیس کی کامیاب کارروائی، چوری کی متعدد وارداتوں میں ملوث بلاول عرف حیدر گینگ کا سرغنہ 05 ساتھیوں سمیت گرفتار، گرفتار ملزمان سے 48 لاکھ روپے سے زائد مالیت کی نقدرقم برآمد۔ ڈی پی او بہاولپور کے واضح احکامات ہیں کہ عوام الناس کو لوٹنے والے کسی رعائت کے مستحق نہیں، جرائم پیشہ افراد کا تعاقب جاری رہے گا، ایس ڈی پی او سرکل یزمان کی بہاولپور کی میڈیا سے گفتگو**

تفصیلات کے مطابق ایس ڈی پی او سرکل یزمان نے اپنے دفتر میں ایس ایچ او تھانہ سٹی یزمان کے ہمراہ پریس کانفرنس کے دوران کہا کہ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد حسن اقبال نے یزمان سرکل میں چوری کی بڑھتی ہوئی وارداتیں کنٹرول کرنے کے احکامات جاری کئے۔ جس کے نتیجے میں ایس ایچ او تھانہ سٹی یزمان نے دن رات محنت سے خفیہ معلومات، انٹیلی جنس ذرائع، ہیومن ریسورسز، جدید ٹیکنالوجی کے استعمال اور موثر حکمت عملی سے اسپیشل ٹیمیں تشکیل دے کر چوری کی متعدد وارداتوں میں ملوث بلاول عرف حیدر گینگ کے سرغنہ کو 05 ساتھیوں سمیت گرفتار کرلیا۔ گرفتار ملزمان کے قبضہ سے چوری شدہ 48 لاکھ روپے سے زائد کی نقدرقم برآمد کرلی گئی ہے یہ بین الصوبائی چور گینگ جنوبی پنجاب کے دیگر اضلاع کو بھی مطلوب ہے جن کی گرفتاری کے بعد چوری کی واردات میں واضح کمی واقع ہو گی۔ گرفتار ملزمان سے مزید انٹیروگیشن جاری ہے، جلد ان کے باقی ساتھیوں کو بھی گرفتار کرلیا جائے گا۔ برآمد شدہ نقدرقم ضروری کارروائی کے بعد اصل مالکان کے حوالے کی جائے گی۔ علاقہ مکینوں نے سرقہ شدہ نقدرقم ملنے اور ملزمان کی گرفتاریوں پر بہاولپور پولیس کا شکریہ ادا کیا۔ ڈی پی او بہاولپور محمد حسن اقبال نے اس حوالے سے بات کرتے ہوئے کہا کہ شہریوں کے جان ومال کا تحفظ ہماری اولین ذمہ داری ہے۔ جرائم پیشہ افراد کسی رعایت کے مستحق نہیں، ایسے جرائم پیشہ عناصر کو قانون کے مطابق منطقی انجام تک پہنچایا جائے گا۔ میڈیا نمائندگان کی جانب سے پولیس کی اس کاوش کو سراہا گیا۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاول پور: ایس ڈی پی او سرکل یزمان احمد علی بخاری ایس ایچ او تھانہ سٹی یزمان کے ہمراہ بلاول عرف حیدر گینگ کی گرفتاری وملزمان سے ریکوری بارے پریس کانفرنس کررہے ہیں

ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز((200

29.04.25

**بہاولپور(      )ریجنل پولیس آفیسر رائے بابر سعید نے ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد حسن اقبال کے ہمراہ تھانہ صدر بہاولپور اور تھانہ کینٹ کا وزٹ کیااور دونوں تھانوں میں کھلی کچہری لگائی۔ کھلی کچہری میں اہل علاقہ کی بڑی تعداد کو سنااور انفرادی طور پر متعلقہ افسران کو شہریوں کے مسائل بروقت حل کرنے کے احکامات جاری کیے، کھلی کچہری کا مقصد بلا تاخیر شہریوں کے مسائل کو میرٹ پر حل کرنااور گھر کی دہلیز پر انصاف کی فراہمی کو یقینی بنانا ہے، ریجنل پولیس آفیسر بہاولپور**

تفصیل کے مطابق ریجنل پولیس آفیسر رائے بابر سعید نے ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد حسن اقبال کے ہمراہ تھانہ صدر بہاولپور اور تھانہ کینٹ کا وزٹ کیا تھانہ کی حوالات چیک، تھانہ کے تمام ریکارڈ کا ملاحظہ کیااور مناسب احکامات جاری کئے۔ بعد ازاں ریجنل پولیس آفیسر نے ڈی پی او بہاولپور کے ہمراہ انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کے ویژن انصاف آپ کی دہلیز پر کے پیش نظر تھانہ صدر بہاولپور اور تھانہ کینٹ میں کھلی کچہری لگائی، جس میں اہل علاقہ کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ کھلی کچہری میں ایس ڈی پی او سرکل سٹی و صدر اور سرکل کے جملہ ایس ایچ اوز و دیگر معزز شخصیات نے بھی شرکت کی۔ ریجنل پولیس آفیسر رائے بابر سعید نے کھلی کچہری میں تمام سائلین کو تفصیل سے سنا اور انفرادی طور پر متعلقہ افسران کو بروقت قانونی کارروائی اور واپسی رپورٹ کے احکامات جاری کیے۔ ریجنل پولیس آفیسر نے کھلی کچہری میں شہریوں سے بات کرتے ہوئے کہا کہ تھانوں میں کھلی کچہری کا انعقاد ہماری اولین ترجیح ہے تاکہ شہریوں کے مسائل سن کر ان کی دہلیز پر بروقت دادرسی کی جاسکے۔ آر پی او نے دوران کھلی کچہری میں افسران کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ میرٹ کو مقدم رکھتے ہوئے شہریوں کے مسائل تھانہ کی سطح پر ہی حل کیے جائیں جو کہ ہماری اولین ذمہ داری ہے۔ کھلی کچہری کا مقصد عوام کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنا اور عوام اور پولیس کے مابین فاصلے مٹانا ہے۔ ایس ایچ اوز کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ عوام الناس کے ساتھ بہتر رویہ اپنائیں۔ عوام کی خدمت اور ان کے جان و مال کا تحفظ ہر صورت یقینی بنایا جائے۔ جبکہ شہریوں کا کہنا تھا کہ ہم بہت مطمئن ہیں کہ ریجنل پولیس آفیسر اور ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر خود ہمارے مسائل کے حل کے لئے تشریف لائے اور مسائل کو فوری حل کرنے کے متعلق افسران کو حکم جاری کئے۔ آر پی او اور ڈی پی او بہاولپور کے اس احسن اقدام سے انصاف کا بول بالا ہو رہا ہے۔ آخر میں آر پی او رائے بابر سعید اور ڈی پی او محمد حسن اقبال نے شہریوں کی شرکت پر بھی ان کا شکریہ ادا کیا۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاول پور: آر پی او رائے بابر سعید نے ڈی پی او محمد حسن اقبال کے ہمراہ تھانہ صدر بہاولپور اور تھانہ کینٹ کا وزٹ کیااور دونوں تھانوں میں کھلی کچہری کے موقع پر شہریوں کے مسائل دریافت کیئے اوران کے حل کیلئے احکامات جاری کیئے

ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (201)

29.04.25

**بہاولپور( )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد حسن اقبال کا بہاولپور پولیس کے افسران و جوانوں خصوصاً پولیس کے شہداء کی فیملیز کی ویلفیئر کیلئے احسن اقدام، بہاولپور پولیس اور سید لیب، لیزر ڈینٹل کلینک، ریوائیول انٹر نیشنل سکول اور نیشنل کالج آف بزنس ایڈمنسٹریشن اینڈ اکنامکس(NCBA&E) کے مابین مفاہمتی یادداشت پر دستخط۔پولیس افسران و جوانوں کی ویلفیئر بھی ہماری اولین ترجیحات میں شامل ہے، ڈی پی او محمد حسن اقبال**

تفصیلات کے مطابق بہاولپور پولیس کے افسران و جوانوں کے بچوں خصوصاً پولیس کے شہداء کی فیملیز کو بارعائت علاج معالجہ اور سستی تعلیم کی فراہمی کے لیے ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر بہاولپور محمد حسن اقبال اور سید لیب، لیزر ڈینٹل کلینک، ریوائیول انٹر نیشنل سکول اور نیشنل کالج آف بزنس ایڈمنسٹریشن اینڈ اکنامکس(NCBA&E) چیئرمین اور ڈائریکٹرز کے مابین مفاہمتی یادداشت پر دستخط ہوئے۔مفاہمتی یادداشت کی تقریب ڈسٹرکٹ پولیس آفس بہاولپور میں منعقد ہوئی۔مفاہمتی یادداشت کے مطابق سید لیب، لیزر ڈینٹل کلینک، ریوائیول انٹر نیشنل سکول اور نیشنل کالج آف بزنس ایڈمنسٹریشن اینڈ اکنامکس(NCBA&E) پولیس کے شہدا، حاضر سروس اور ریٹائرڈ افسران و جوانوں اور ان کی فیملیز کو خصوصی رعائت پر علاج معالجہ اور تعلیم و دیگر سہولیات مہیا کریں گے۔معاہدے کی رو سے پولیس کے شہدا، حاضر سروس اور ریٹائرڈ آفیسران و جوان اپنا سروس کارڈ دیکھا کر یا ڈی پی او آفس سے سرٹیفکیٹ حاصل کر کے سہولیات حاصل کرنے کے مجاز ہونگے۔اس موقع پر ڈی پی او محمد حسن اقبال نے کہا کہ پولیس کے شہدا، حاضر سروس اور ریٹائرڈ آفیسران و جوانوں کے بچوں کی معیاری تعلیم کے ساتھ ساتھ دیگر سہولیات کے لئے بھی عملی اقدامات کئے جا رہے ہیں اور مختلف اداروں کے ساتھ مزید ایم او یوز دستخط کیے جائیں گے۔سید لیب، لیزر ڈینٹل کلینک، ریوائیول انٹر نیشنل سکول اور نیشنل کالج آف بزنس ایڈمنسٹریشن اینڈ اکنامکس(NCBA&E) کے اونرز نے پولیس کے شہدا، حاضر سروس اور ریٹائرڈ افسران و جوانوں کو دی جانی والی دیگر سہولیات کے حوالے سے بھرپور تعاون کا یقین دلایا۔ڈی پی او محمد حسن اقبال نے مزید کہا کہ پولیس کے جوانوں کی ویلفیئر بھی ہماری اولین ترجیحات میں شامل ہے۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاول پور: ڈی پی او محمد حسن اقبال اور سید لیب، لیزر ڈینٹل کلینک، ریوائیول انٹرنیشنل سکول اور (NCBA&E) کے اونرز کے مابین پولیس کے افسران و جوانوں خصوصاً شہداء کی فیملیز کی ویلفیئر کیلئے مفاہمتی یادداشت پر دستخط کئے گئے